حق پرست عوام،شعیب بخاری ایڈوکیٹ اورایم کیوایم حیدرآبادسیکٹرڈی کی سیکٹرکمیٹی کے رکن ندیم حسین شاہ کی صحت یابی کیلئے دعاکریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔4،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے رکن سیدشعیب بخاری ایڈوکیٹ اورایم کیوایم حیدرآبادسیکٹرڈی کی سیکٹرکمیٹی کے رکن ندیم حسین شاہ کی علالت پرگہری تشویش کا اظہارکیا ہے اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام کارکنوں اورحق پرست ماؤں ،بہنوں،بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ شعیب بخاری ایڈوکیٹ اورندیم حسین شاہ کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالی کے حضورخصوصی دعا کریں۔

متحدہ قومی موومنٹ ملک سے چندخاندانوں کی نسل درنسل حکمرانی اورموروثی سیاست کاخاتمہ کرکے ملک پرعوام کی حکمرانی قائم کرناچاہتی ہے۔ڈاکٹرعمران فاروق

ایم کیوایم نے غریبوں کی حکمرانی کے صرف نعرے نہیں لگائے بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کوایوانوں میں بھیجا

ایم کیوایم پورے ملک میں ایساہی نظام چاہتی ہے اسی لئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم کی مخالف ہیں

عوام کے ذہنوں کوتبدیل کئے بغیرانقلاب نہیں آسکتا۔ایم کیوایم لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان سے گفتگو

لندن۔۔۔4،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق نے کہاہے کہ متحدہ قومی موومنٹ محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک انقلابی تحریک ہے جو ملک سے چندخاندانوں کی نسل درنسل حکمرانی اورموروثی سیاست کاخاتمہ کرکے ملک پرعوام کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے جدوجہدکررہی ہے۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم لیبرڈویژن کی نئی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان سے فون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی۔ڈاکٹرعمران فاروق نے کہاکہ ملک میں قیام پاکستان کے بعدسے 2 فیصدمراعات یافتہ طبقہ سے تعلق رکھنے والے چندخاندان چہرے بدل بدل کرملک پرحکمرانی کررہے ہیں جبکہ ملک کے 98 فیصدغریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والےعوام آج بھی اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم جاگیرداروں اوروڈیروں کے چندخاندانوں کی حکمرانی کا خاتمہ چاہتی ہےاوراس نے غریبوں کی حکمرانی کےصرف نعرے نہیں لگائے بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھےنوجوانوں کوسینیٹ،قومی وصوبائی اسمبلی اوربلدیات کے ایوانوں میں بھیجا۔ایم کیوایم پورے ملک میں ایساہی نظام چاہتی ہے اسی لئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم کی مخالف ہیں۔انہوں نے لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی سے کہاکہ لیبرڈویژن کے قیام کامقصدمحض یونین بازی نہیں بلکہ مزدوروں اورمحنت کشوں میں تحریک کے پیغام کوپھیلانا ہے لہٰذالیبرڈویژن کےتمام ذمہ داران وکارکنان تحریک کےانقلابی پیغام کومزدوروں اورمحنت کشوں میں پھیلانے پرتوجہ دیں کیونکہ انقلاب عوام کے ذہنوں کوتبدیل کئے بغیرنہیں آسکتا۔انہوں نے مزیدکہاکہ انقلابی تحریکیں اسی صورت میں کامیاب ہوسکتی ہیں جب ان میں شامل افرادنظریاتی بنیادوں پرمضبوط ہوں اورنظریاتی پختگی کیلئے نظریاتی تربیت کامسلسل عمل لازمی امر ہے۔انہوں نے لیبرڈویژن کے تمام ذمہ داران وکارکنان سے کہاکہ وہ اداروں میں لیبرڈویژن کومزیدمضبوط اورفعال بنانے اورکارکنوں کی نظریاتی تربیت پربھرپورتوجہ دیں۔

الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کو اقلیتی عوام کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے ،ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی

کراچی ۔۔۔4،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی امور کمیٹی نے سازشی عناصر کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کونقصان پہنچانے کی گھناؤنی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ الطاف حسین غریبوں اور مظلوموں کی امید کی آخری کرن ہیں اوران کے خلاف سازشیں کرنے والے مظلوموں کے دشمن ہیں ۔اپنے ایک بیان میں اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان نے لندن میں مقیم اقلیتی نمائندگان سے اپیل کی کہ وہ پاکستان میں اقلیتی کے حقوق کے علمبر دار جناب الطاف حسین کی زندگی کے تحفظ کیلئے اپنا ہرممکن کردارادا کریں ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریے میں پاکستان میں بسنے والی اقلیتی برادری کے حقوق کے علمبر دار ہیں اور ایم کیوایم کے پرچم تلے ہی اقلیتی برادری اپنے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف گھناؤنی سازش اقلیتی عوام کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے ہیں اوراس سلسلے میں ان میں شدید بے چینی اور غم وغصہ پایا جارہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ اگر جناب الطاف حسین پر ذرہ برابر بھی آنچ آئی تو سازشی عناصر بھی اپنے عبرتناک انجام سے نہیں بچ سکتے ۔اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان نے حکومت برطانیہ سے اپیل کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کا سختی سے نوٹس لے اور جناب الطاف حسین کے تحفظ کیلئے کوئی کسر باقی نہ چھوڑے ۔

ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکنان راحیل ،ثاقب ،فہیم اور شاہد کو تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پرتحریک سے خارج کردیا گیا

کراچی ۔۔۔4،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکنان راحیل ولد محمد اسلم ،ثاقب ولد شریف بھٹی ،فہیم ولد عبدالسلام اور شاہد ولد عبدالرزاق کوتحریک کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں ۔

☆☆☆☆☆